محکمہ قانون نیو
پارک سٹی

NEW YORK CITY LAW DEPARTMENT
OFFICE OF THE CORPORATION COUNSEL
FAMILY COURT DIVISION

# ڈویژن برائے عائلی عدالت کا تعارف

2023 جنوری City of New York©

# مندرجات فہرست

صفحہ 01 ... عائلی عدالت کا تعارف

صفحہ 02 ... بین الریاستی امداد اطفال کا یونٹ (ICSU)

صفحہ 03 ... نابالغ کے جرائم (JD)

صفحہ 04 ... حدِ عمر میں اضافہ (RTA)، زیریں حدِ عمر میں اضافہ (RTLA)

صفحہ 05 ... خدمات برائے متاثرہ/پسماندہ

صفحہ 06 ... عدالتی اصطلاحات

صفحہ 07 ... کمیونٹی کی مشغولیت

صفحہ 08 ... نوجوان کی سربراہی کونسل

صفحہ 09 ... رابطے کی معلومات

# ڈویژن برائے عائلی عدالت

ڈویژن برائے عائلی عدالت سٹی کے بچوں کی فلاح و بہبود کو فروغ دیتا ہے اور عوام کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔

ڈویژن برائے عائلی عدالت دو یونٹ - بین الریاستی امداد اطفال یونٹ اور نابالغان کے جرائم کے یونٹ پر مشتمل ہے۔

# بین الریاستی امداد اطفال یونٹ

محکمہ قانون کا بین الریاستی امداد اطفال کا یونٹ، نیو یارک سٹی کی عائلی عدالت میں بیرون ریاست مقیم ان والدین کی جانب سے پیش ہوتا ہے، جو ولدیتی/پرورشی امور کا تعین کرنا اور نیو یارک سٹی کے کسی رہائشی کی جانب سے امداد اطفال کے حکم کا حصول، اس میں ترمیم، یا نفاذ طلب کرنا چاہتے ہیں۔

اگر حاملِ تحویل والد/والدہ نیو یارک سٹی میں رہائش پذیر ہیں اور غیر حاملِ تحویل والد/والدہ کسی دوسری ریاست میں مقیم ہیں، تو محکمہ قانون، امداد اطفال کے حکمنامے کے لیے درخواست دائر کرنے، موجودہ حکم کی ترمیم کرنے، یا کسی حکم کے نفاذ میں مدد دینے کے قابل ہو گا۔ محکمہ قانون غیر حاملِ تحویل والد/والدہ کے کسی دوسرے ملک میں مقیم ہونے کی صورت میں کیسز کی پیروی کرنے کے بھی قابل ہو گا۔

## محکمہ قانون، امداد اطفال کے چار اقسام کے کیسز نمٹاتا ہے:

1. **ولدیتی و پرورشی امور کا تعین**
2. **معاونت کا تعین**
3. **معاونت کی ترمیم**
4. **معاونت کا نفاذ**

بین الریاستی امداد اطفال یونٹ
ڈویژن برائے عائلی عدالت
محکمہ قانون نیو یارک سٹی
فون: 212-356-3220

# نابالغان کے جرائم کا یونٹ

نابالغان کے جرائم کی تحقیقات کا یونٹ، جہاں مناسب ہو، نابالغان کے جرائم کے ان معاملات کی تحقیقات اور قانونی کارروائی کرتا ہے، جو ہمارے دفتر میں ریفر کیے جائیں یا یوتھ پارٹ (Youth Part) سے ہٹا دیئے جاتے ہیں۔

نابالغان کے خلاف جرائم کے معاملات میں 12 تا 17 سال کے نوعمر نوجوان شامل ہیں جو ایسے کاموں کی انجام دہی پر گرفتار کیے گئے ہیں جو اگر وہ بالغ ہونے کی صورت میں کرتے تو سنگین جرم ہو سکتا تھا۔ جو نوجوان گرفتار کیے گئے ہیں ان کو متبادل پروگرامز میں بھی ریفر کیا جا سکتا ہے، جس سے نوجوان افراد کو عدالت کی رسمی کارروائی سے باہر بحالی کی خدمات کے حصول کی اجازت ملے گی۔ ان خدمات میں رہنمائی، کمیونٹی خدمت، معاوضہ اور مشاورت شامل ہے۔

اگر عائلی عدالت کو کسی نوجوان کے خلاف نابالغ کے جرائم کا پتا چلاتا ہے، تو ممکنہ تصفیات (سزاؤں) میں درج ذیل ہو سکتے ہیں: مشروط رہائی، آزمائشی مدت، نوجوان کے گھر سے باہر کہیں تعیناتی۔

ریاست نیو یارک نے اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے کہ 16 اور 17 سال کے نوجوانوں کو بالغ نہیں سمجھنا چاہیئے، حدِ عمر میں اضافے کا قانون پیش کیا۔ محکمہ قانون نیو یارک سٹی کا ڈویژن برائے عائلی عدالت اس نفاذ میں فعال طور پر مشغول تھا، اور حدِ عمر میں اضافے کی مکمل حمایت برقرار رکھے ہوئے ہے۔

# حدِ عمر میں اضافہ اور زیریں حدِ عمر میں اضافہ

**حدِ عمر میں اضافہ**

1 اکتوبر 2018 کو، 16 سال کے نوجوان کے لیے حدِ عمر میں اضافے کا قانون عائد کیا گیا تھا پھر بعد میں 1 اکتوبر 2019 کو 17 سال کے نوجوان افراد کے لیے لاگو ہوا۔ اس کا مطلب ہے کہ نیو یارک فوجداری انصاف کے نظام میں اب 16 اور 17 سال کے نوجوانوں کے ساتھ بالغان جیسا برتاؤ نہیں کرے گا۔

18 سال سے کم عمر نوجوان جو کہ **خفیف جرم** کی بنا پر گرفتار کیے گئے ہیں ان سے عائلی عدالت میں نمٹا جائے گا۔ اگر 16 یا 17 سال کا کوئی نوجوان **سنگین جرم** کی بنا پر گرفتار کیا گیا ہے، تو کیس یوتھ پارٹ میں شروع ہو گا اور پھر اسے عائلی عدالت میں منتقل کر دیا جائے گا۔

حدِ عمر میں اضافے کے قانون کی اس فہم و ادراک کے تحت حمایت کی گئی تھی کہ بچے اور نابالغ نوجوان، بالغ افراد کے برابر نہیں ہیں۔ عائلی عدالت کی کارروائیاں جرم کا ارتکاب کرنے والے نوجوانوں کو ان کے اعمال کے لیے جوابدہ ہونے اور ایسی خدمات حاصل کرنے کی اجازت دیتی ہیں جو ان کی بحالی میں معاون ہوں گی۔

**زیریں حدِ عمر میں اضافہ**

29 دسمبر 2022 کو، زیریں حدِ عمر میں اضافے کا قانون لاگو کیا گیا، جو 12 سال سے کم عمر بچوں کے لیے امتیازی ردعمل قائم کرتا ہے۔

قانون میں یہ تبدیلی محکمہ سماجی خدمات سے تقاضا کرتی ہے کہ وہ 12 سال سے کم عمر ان بچوں کے لیے خدمات فراہم کریں جو بصورت دیگر نابالغان کے جرائم کے مرتکبین کے طور پر گرفتار کیے گئے اور سزاوار ٹھہرائے گئے اور ان کا عائلی عدالت میں مقدمہ چلایا جاتا ہے۔

اس قانون کے تحت، بچوں کو نابالغ کے نظامِ انصاف کی وساطت کی بجائے ذہنی صحت کی مناسب نگہداشت میں معاونت اور دیگر خدمات فراہم کی جائیں گی۔

- *اس نئے قانون میں قتلِ عمد و قتل غیر عمد جیسے جرائم کے لیے استثنات موجود ہیں۔*

# خدمات برائے جرائم سے متاثرہ/پسماندگان

نابالغ کے جرم سے ضرر پذیر اور متاثرہ فرد کو اضافی معاونت فراہم کرنے کی ضرورت کو تسلیم کرتے ہوئے، تمام کیسز کے متاثرین کے لیے وکیل دستیاب ہیں۔ وکلاء جرم کے متاثرین، گواہوں، کاروباری مالکان، قانون نافذ کرنے والے اداروں، اور مجرمانہ فعل (جرم) سے براہ راست متاثر ہونے والے کسی بھی فرد کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ ہمارے وکلاء اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پراسیکیوٹر (ACC) اور متبادل کوآرڈینیٹر کے ساتھ رابطہ کرتے ہیں کہ تفتیش، متبادل جائزے، نابالغانہ جرم کے لیے درخواست دائر کرنے، اور تمام عدالتی کارروائیوں سے لے کر کارروائی کے ہر مرحلے پر ضرر پذیر فرد کے خدشات پر غور کیا جائے۔

عائلی عدالتی ڈویژن ملکی سرکردہ غیر منافع بخش متاثرہ کی حمایت، وکالت، اور تشدد سے بچاؤ کی تنظیم، سیو ہورائزن (Safe Horizon) کے ساتھ شراکت کرتی ہے، تاکہ یقینی بنایا جائے کہ متاثرہ اور پسماندگان کے خدشات کو تسلیم کیا گیا ہے۔ سیو ہورائزنز جرم سے متاثرہ افراد کی ضروریات پوری کرنے کے لیے خدمات کی وسیع حد پیش کرتا ہے۔

**متاثرین کے وکلاء کی جانب سے تعاون کردہ کچھ خدمات میں شامل ہیں:**

- تحفظاتی جائزے
- عدالتی کارروائی میں معاونت
- عمل دخل اندازی بوقتِ افتاد
- آمد و رفت میں معاونت

اپنی بورو میں موجود متاثرین کی خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم صفحہ نمبر 9 پر رابطے کی معلومات ملاحظہ کریں۔

# عدالتی اصطلاحات

| عائلی عدالت | بمقابل | فوجداری عدالت |
|---|---|---|
| پراسیکیوٹر — معاونتی تنظیمی کونسل (ACC) | | پراسیکیوٹر— معاونتی ضلعی اٹارنی (ADA) |
| عائلی عدالت کے جج کی جانب سے فیصلہ ساز کمیٹی کی موجودگی کے بغیر موقف سنا گیا | | اپنے ہم منصب افراد اور جج کے روبرو سماعت |
| گرفتار کردہ نوجوان کو "جواب دہندہ" کہا جاتا ہے | | گرفتار کردہ فرد کو "مدعا علیہ" کہا جاتا ہے |
| انتظامیہ برائے اطفالی خدمات نابالغ کی حراستی سہولت گاہ | | محکمہ برائے اصلاحی سہولت گاہ |
| مشروط رہائی یا ریمانڈ | | ضمانت یا ریمانڈ پر شرطی رہائی |
| والد/والدہ، سرپرست، یا اہل خانہ کی طرف پیرول پر رہائی | | ROR — کو ضمانت پر رہائی ملنا کہا جاتا ہے |

# کمیونٹی کی مشغولیت/بین الایجنسی شراکت

نابالغانہ جرم کے کیسز پر پراسیکیوٹر کی حیثیت سے ہماری مشق کا ایک لازمی حصہ برونکس، کوئنز، اسٹیٹن آئیلینڈ، بروکلین، اور مینہیٹن میں کمیونٹی اراکین کے ساتھ شراکت داری قائم کرنا ہے۔ محکمہ قانون نابالغانہ جرائم کو روکنے اور کیس کے مثبت نتائج کو فروغ دینے کے لیے کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ تعاون کرتا ہے۔ یونٹ میں موجود ACCs اور کمیونٹی کوآرڈینیٹرز کو مخصوص حدود میں تفویض کیا جاتا ہے اور وہ کمیونٹی تک رسائی کی کوششوں میں مشغول ہوتے ہیں، جس میں اسکولوں میں پریزنٹیشن دینا بھی شامل ہے۔

علاوہ ازیں، ACCs اور آؤٹ ریچ ٹیم کے اراکین دیگر کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کے ساتھ تعاون کرتے ہیں تاکہ نابالغوں کے جرائم کو کم کیا جا سکے، عوامی تحفظ کو فروغ دیا جا سکے، اور متاثرین کی بہتر وکالت کی جا سکے۔

# پریزنٹیشنز

یہ ڈویژن برائے عائلی عدالت کے عملے کے ارکان کی جانب سے طلباء، والدین، قانون نافذ کرنے والے اداروں، اور مقامی تنظیموں کے لیے نابالغانہ جرائم اور بین الریاستی امداد اطفال سے متعلق موضوعات پر پیش کی جاتی ہے۔ یہ متعامل پریزنٹیشنز نابالغان کے مجرمانہ نظام، غنڈہ گردی، سوشل میڈیا میں تحفظ، اور آن لائن نیز اپنی کمیونٹیز میں، اچھے فیصلے کرنے اور محفوظ رہنے کے لیے مددگار تجاویز فراہم کرتی ہیں۔

پریزنٹیشن کی درخواست کرنے کے لیے **FCLaw@law.nyc.gov** پر ای میل کریں یا یہاں موجود QR کوڈ اسکین کریں۔

پریزنٹیشن کی درخواست کرنے کے لیے ذیل میں اسکین کریں:

# نوجوانوں کی سربراہی کونسل

نوجوانوں کی سربراہی کونسل *نیو یارک سٹی* خدمت کی وساطت سے شہر گیر اقدام کا حصہ ہے، جو دفتر برائے میئر کا ایک ڈویژن ہے۔ کونسل، ان شہری ایجنسیوں کے ساتھ شراکت قائم کرتی ہے جو نوجوانوں کو قیادت کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ عائلی عدالت کی نوجوان کی سربراہی کونسل، بین الریاستی امداد اطفال اور نابالغانہ جرم کے طریقوں، یعنی دونوں میں نئی پالیسیوں اور طریقہ کاروں کو بہتر بنانے میں مدد دینے کے لیے باقاعدگی سے میٹنگ کرتی ہے۔

یہ پروگرام کمیونٹی خدمتی کریڈٹ حاصل کرتے ہوئے، ہائی اسکول کے 15 سال اور اس سے بڑی عمر کے طلباء کے تعلیمی تجربے کو بڑھانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ طلباء کو نیو یارک سٹی میں قانونی مشق اور عوامی خدمت کے بارے میں سیکھنے کے لیے، نابالغانہ جرائم اور بین الرستی امداد اطفال کے طریقوں سے متعلق اسائنمنٹس دی جاتی ہیں اور وہ اسی حوالے سے پریزنٹیشنز سنتے ہیں۔

نوجوانوں کی سربراہی کونسل میں مشغولیت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، www.nycservice.org ملاحظہ کریں

**ڈویژن برائے عائلی عدالت سٹی کے بچوں کی فلاح و بہبود کو فروغ دیتا ہے اور عوام کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔**

# ہم سے رابطہ کریں
# دفتر کے مقامات

**Bronx Family Court**

900 Sheridan Avenue, 6th Floor Bronx, NY 10451

فون: (718) 503-5200

فیکس: (718) 503-5209

**Brooklyn Family Court**

350 Jay Street, 9th Floor Brooklyn, NY 11201

فون: (718) 724-5300

فیکس: (718) 724-5399

**Manhattan Family Court**

60 Lafayette Street Suite 7A3, New York, NY 10013

فون: (212) 356-1800

فیکس: (212) 356-1819

**Queens Family Court**

151-20 Jamaica Avenue, 2nd Floor Jamaica, NY 11432

فون: (718) 558-2200

فیکس: (718) 558-2208 یا (718) 558-2209

**Staten Island Family Court**

60 Bay Street, 4th Floor Staten Island, NY 10301

فون: (718) 876-3620

فیکس: (718) 876-3628 یا (718) 876-3629

**Family Court Administration**

100 Church Street, 4th Floor New York, NY 10007

فون: (212) 356-1000

NEW YORK CITY LAW DEPARTMENT

OFFICE OF THE CORPORATION COUNSEL

SIGILLUM CIVITATIS NOVI EBORACI

1625

**FAMILY COURT DIVISION**

©City of New York جنوری 2023